# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں۔ ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کا تذکرہ اور ان کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے تحائف میں ایک کتاب مفتی محمد انور القادری صاحب کی ......عنداللہ الاسلام...... ہے۔ اس کتاب کے مندرجات آٹھ ابواب پر مشتمل ہیں۔ باب اول اصطلاحات شرعیہ اور ضرورتِ دین، بابِ دوم اسلام کا تعارف، جس میں اسلامی مصادر ومراجع میں سے اہم کتب کا مختصر تعارف بھی شامل ہے، تیسرا باب خصوصیاتِ اسلام، چوتھا باب حقوق العباد کی تعلیم، پانچواں باب اسلامی فرقے، چھٹا باب اہل سنت وجماعت، ساتواں باب ادیانِ باطلہ کا تعارف، آٹھواں باب المسائل کے نام سے معنون ہے۔

کتاب کے بارے میں مفتی محمد عبدالعلیم صاحب سیالوی نے اپنی تقریظ میں لکھا ہے کہ مفتی محمد انور القادری صاحب نے مختصر مگر جامع کتاب تحریر فرما کر اس میں وہ تمام مواد جمع کر دیا ہے جس سے طلباء، دین کے مبادی سے بڑی آسانی سے آگاہی حاصل کر سکتے ہیں۔

مؤلف فرماتے ہیں انہوں نے یہ کتاب اس لئے لکھی کہ لوگوں کی دینی تعلیمات بالخصوص اسلامی عقائد سے بے خبری کو دیکھ کر دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ عقائد پر کوئی کتاب لکھوں جس میں کسی دجل وابہام سے بچ کر واضح طور پر اسلامی عقائد وتعلیمات کی رہنمائی کی جائے۔

مضبوط جلد، وعمدہ ٹائٹل کے ساتھ سات سو کے قریب صفحات پر مشتمل کتاب بزم نور جامعہ خلیل اکبر شالامار ٹاؤن لاہور نے شائع کی ہے۔ ملنے کے پتوں میں مکتبہ نعیمیہ جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور شامل ہے۔ کتاب کا ہدیہ درج نہیں ہوسکا۔

مفتی صاحب نے کتاب کے دو نسخے ارسال فرمائے ہیں اور خاکسار کو رئیس العلماء لکھا

---

☆لا تنتظر شكرا من احد ويكفي ثواب الصمد وما عليك من جحد وحقد وحسد.☆

ہے جبکہ یہ عاجز تو خادمِ علم وعلماء کہلانے کا بھی روادار نہیں کہ کوئی قابل ذکر خدمت علم کی نہ علماء کی اب تک ہوسکی۔

ایک اور کتاب حضرت علامہ مشتاق احمد چشتی صاحب (رحمۃ اللہ علیہ) کی تصنیف لطیف ......احمدیت کے نام پر دھوکہ......انٹرنیشل ختم نبوت فاؤنڈیشن اوسلو ناروے سے شائع ہوئی ہے......کتاب کے مصنف ایک بلند پایہ عالم دین گزرے ہیں، آپ نے قادیانیت کے خلاف اس میدان کے مرد مجاہد پیر سید مہر علی شاہ صاحب مجدد گولڑوی کے زیر پرچم کام کیا اور ملک و بیرون ملک میں اس فتنہ کے خلاف خوب آواز بلند کی، آپ نے مندرہ کے قریب ایک دارالعلوم قائم فرمایا جو جامعہ چشتیہ ربانیہ کے نام سے مشہور ہے۔ ہمارے مرشد حضرت بابو جی رحمۃ اللہ علیہ کو ان سے بڑی محبت اور انہیں اپنے مرشد سے زبردست عقیدت تھی......

زیر نظر کتاب میں آپ نے پہلے باب میں ۸۹ ایسے علماء کا تذکرہ کیا ہ جنہوں نے قادیانیت کے خلاف لکھا یا نمایاں کام کیا، دوسرے باب میں مسلمانان عالم کا فیصلہ لکھا ہے۔ تیسرے باب میں پاکستان کے مشائخ عظام کے تاریخی اقدام کا ذکر کیا ہے، چوتھے باب میں قومی اسمبلی پاکستان کے جمہوری فیصلہ کو بیان کیا ہے۔ پانچویں باب میں قادیانیت کے دجل کا ذکر ہے۔ چھٹے باب میں عیسائی مذہبی رہنماؤں کے طرز عمل کا ذکر کیا ہے، کتاب کا ساتواں باب ہے، قادیانیت عالمی مفکرین کی نظر میں، آٹھواں باب قادیانی غیر مسلم کیوں، نواں باب تعمیر مساجد کے حق دار کون؟ دسواں باب مرزا جی کی بات نہ پوچھو۔

۲۳۵ صفحات پر مشتمل یہ کتاب نوجوانوں کو بطور خاص مطالعہ کرنی چاہئے تاکہ قادیانیت کے بارے میں ضروری معلومات حاصل ہوسکیں۔ کتاب ملنے کا پتہ: جامعہ چشتیہ ربانیہ بانٹھ موڑ جی ٹی روڈ نزد مندرہ تحصیل گوجر خان۔ قیمت درج نہیں۔

میاں زبیر صاحب نے ایک تحفہ......مولائے کل......کا ارسال فرمایا ہے......جو جناب محمد لطیف زار نوشاہی صاحب (رحمۃ اللہ علیہ) کی تصنیف ہے۔ میاں زبیر صاحب ہمیشہ کتابوں کے تحائف بھجوانے کا احسان فرماتے رہتے ہیں۔ اللہ رب العزت انہیں مزید عزتیں اور برکتیں عطا فرمائے۔ مولائے کل حضور سرکار دو عالم ﷺ کے عشق سے سرشار کتاب ہے جس کا موضوع سیرت طیبہ ہے، آپ نے کتاب شروع کی مگر مکمل نہ کر پائے کہ بلاوا آ گیا غزوہ حنین تک مواد جمع ہوسکا اور تخریر و

☆اذا اصبحت فلا تنتظر المساء، وعش فی حدود الیوم، واجمع ھمک لا صلاح یومک.☆

ایلاء کی بحث کتاب کی آخری بحث ہے اگرچہ کتاب نا تمام ہے تاہم جو لکھا ہے کمال کا لکھا ہے ۔آسان ادبی زبان میں سیرت کی مختصر کتاب ہے ۵۵۸ صفحات کا یہ حسین مرقع ادارہ معارفِ نوشاہیہ سے شائع ہوا ۔ ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے ۔ادارہ معارفِ نوشاہی منزل راجگوڑھ لاہور ۔

ایک اور تحفہ نورِ خانقاہِ ہدایت کا ہے، اس کتاب کے مرتب حضرت مفتی محمد علیم الدین مجددی مدظلہم ہیں اور انہوں نے اس میں اپنے مرشد حضرت خواجہ محمد صادق مجددی صدیقی رحمۃ اللہ علیہ کے اخلاق عالیہ کے چند زاویے ذکر کئے ہیں ......سلسلہ تصوف کی یہ کتاب اسی مقصد کے پیش نظر مرتب کی گئی ہے جو کیمیائے سعادت (امام غزالی) کا ہے ۔مقصود سالکانِ طریقت وطالبانِ سلوک کی تربیت ہے ۔

کتاب کا ایک اقتباس ملاحظہ ہو: حضرت قبلہ عالم فرمایا کرتے : اولاد جس کے لئے انسان دین فراموش ہو جاتا ہے اسی اولاد کی طرف سے آخر مایوسی ہوتی ہے آئے دن اس کا مشاہدہ ہوتا رہتا ہے ، کتنے ہی والدین اپنی اولاد کی بے وفائی سردمہری کی شکایت کرتے نظر آتے ہیں ۔صاحبزادہ محمد اقصد صاحب کہتے ہیں کہ حضرت قبلہ عالم بیرون ملک والے سنگیوں کو فرماتے حلال رزق کی تلاش اچھی ہے مگر اللہ تعالی اور رسول اللہ ﷺ کے احکام نہ چھوٹنے چاہئیں ورنہ حیوانی زندگی کی ضرورت جانوروں کو بھی معلوم ہے کہ سرسبز چارہ کہاں ملتا ہے ۔۔

۲۸۰ صفحات کی یہ کتاب خوبصورت سرِ ورق کے ساتھ عمدہ کاغذ پر مجلد تیار ہوئی ہے کتاب ملنے کا پتہ خانقاہ سلطانیہ گلشن عظیم جہلم ہے ۔

مولانا غلام رسول قاسمی صاحب متعدد کتب تصنیف فرما چکے ہیں اور ان کی ہر کتاب پہلے سے زیادہ جاذب ہوتی ہے اس بار ہمیں ان کی کتاب ......اسلام کا تعلیمی ضابطہ......موصول ہوئی ہے ۔جس میں آپ نے درج ذیل عنوانات کو بطور خاص موضوع سخن بنایا ہے :

مسلمانوں نے علم کہاں سے لیا

تدریس کا شرعی ضابطہ

شاعری کا شرعی ضابطہ

بعثت نبوی کے مقاصد

فحاشی کا خاتمہ.......... جہالت کا خاتمہ..........گمراہ کن شاعری کا خاتمہ

کتاب کا سرورق بہت جاذب نظر ہے ۶۴ صفحات کی یہ کتاب اپنے اندر ہدایت کا بہت سا سامان

☆اترك المستقبل حتى يأتي ولا تهتم بالغد لانك اذا اصلحت يومك صلح غدك.☆

لئے ہوئے ہے بشرطیکہ نوجوانوں کو کسی طرح اس کا مطالعہ کروایا جاسکے......

رحمۃ للعالمین پبلی کیشنز نے یہ کتاب بشیر کالونی سرگودھا سے شائع کی ہے۔ قیمت درج نہیں۔ برائے رابطہ فون نمبر 03034367413

ایک اور تحفہ ہمیں ......اوصاف النبی ......کا موصول ہوا ہے، علامہ جلال الدّین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب زھر الخمائل علی الشمائل کا یہ اردو ترجمہ ہے، جو علامہ ریاض احمد سعیدی صاحب نے کیا ہے، آپ جامعہ قادریہ فیصل آباد میں مفتی کے منصب پر فائز رہے پھر برطانیہ چلے گئے وہاں جاکر آپ نے اور بھی یکسوئی کے ساتھ قلمی کام کیا اور علامہ ساجد الہاشمی صاحب کے دست راست کے طور پر پہچانے جانے لگے...... یہ ترجمہ بھی آپ نے برنلی شریف کی ٹھنڈی فضاؤں میں بیٹھ کر کیا ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ اگرچہ بہت سے علماء وفضلا برطانیہ جاکر جم گئے یا جام ہوگئے ہیں مگر برطانیہ کی برفانی ہوائیں انہیں منجمد نہیں کرسکیں اور ان کا علمی ذوق اسی طرح گرم اور جوشندہ ہے۔

کتاب کا ترجمہ انہوں نے بالکل ایسا کیا ہے جیسے نئی کتاب لکھ ڈالی ہو۔ کتاب کے عربی نسخہ خطیہ (مخطوط) کی تحقیق جناب محقق مصطفیٰ عاشور نے کی ہے......اس میں شمائل ترمذی میں سے ۳۰ باب اور ۱۲۵ حدیثیں لی گئی ہیں۔ بعض حدیثیں دیگر کتب سے بھی لی گئی ہیں۔

اس مختصر سی کتاب میں حدیث ام زرع کی تشریح پر امام رافعی کا پورا رسالہ درۃ الضرع لحدیث ام زرع بھی آ گیا ہے۔ اور یہ بڑی دلچسپ حدیث ہے جو خواتین کے لئے خاصا دلچسپی کا سامان رکھتی ہے۔ شریف شوہر انہیں یہ کتاب ضرور پڑھنے کو دیں۔

کتاب کا ہدیہ درج نہیں تاہم یہ اہل سنت پبلی کیشنز شاندار بیکری والی گلی منگلا روڈ دینہ سے حاصل کی جاسکتی ہے......

ایک اور تحفہ خانقاہ سلطانیہ جہلم سے پیر صاحب نے عطا فرمایا ہے اور وہ ہے......سبل الرشاد......کا، یہ ایک باقاعدہ ماہنامہ تو نہیں تاہم ایک سلسلہء مطبوعات ہے جس کا دفتر ۸ ہمیں ملا ہے۔ اس کا انداز یہ بتاتا ہے کہ یہ مستقبل کا تصوف کا ایک ماہنامہ بن سکتا ہے۔ زیرنظر رسالہ مئی ۲۰۱۶ میں شائع ہوا اور اس کے مندرجات حسب ذیل ہیں......سی حرفی شریف، ارمغانِ گلشنِ عظیم، فضائل درود شریف، حضرت خواجہء عالم کا نظریہء بیعت، اور حدیثِ دلبراں..........

۴۰ صفحات پر مشتمل یہ رسالہ خانقاہ سلطانیہ گلشن عظیم جہلم سے شائع ہوا ہے اور وہیں سے

☆طهر قلبك من الحسد ونقه من الحقد واخرج منه البغضاء وازل منه الشحناء. ☆

مفت طلب کیا جاسکتا ہے۔

ایک اور تحفہ ......مومنین کی صفات......کا دینہ ضلع جہلم سے آیا ہے اور یہ حضرت ذوالنون مصری (ثوبان بن ابراہیم اخمیمی) کے عربی رسالہ کا اردو ترجمہ ہے۔ترجمہ جناب علامہ محمد ریاض احمد سعیدی صاحب نے کیا ہے۔زیر نظر رسالہ ایک قلمی نسخہ تھا جس پر رمزی سعد الدین دمشقیہ نے تحقیق کی،اس میں مومنین کی جو صفات بیان کی گئی ہیں وہ اولیاء اللہ ہی میں ہوسکتی ہیں عام آدمی تو اب ان صفات سے فارغ ہو چکا ہے۔۴۰ صفحات کا یہ رسالہ اہل سنت پبلی کیشنز دینہ ضلع جہلم نے شائع کیا ہے......

ایک اور تحفہ فتاوی عبد الغفور،......کا ہے، یہ حضرت علامہ محمد عبد الغفور الوری ......صاحب کے جاری کردہ فتاوی کا مجموعہ ہے جسے صاحبزادہ مولانا قاری احمد سعید الوری صاحب نے مرتب کیا ہے۔دو جلدوں پر مشتمل فتاوی کا یہ تحفہ ہمیں جامعہ انوار العلوم کے سالانہ جلسہ تقسیم اسناد کے موقع پر عنایت کیا گیا۔اس فتاوی میں روٹین کے مسائل کے علاوہ بہت سے نئے مسائل بھی زیر بحث آئے ہیں۔جن میں رہن اور گروی رکھے جانے والی پراپرٹی، مصنوعی اعضاء کے ساتھ غسل و وضو کے احکام، بیع کی جدید صورتیں، ایم فل پی ایچ ڈی کرنے والے کا علم، ٹیلیفونک نکاح، فوج کے سپہ سالار کی صفات، اور دیگر مسائل......فتاوی کی کمپوزنگ و طباعت معیاری ہے۔

فتاوی مضبوط جاذب نظر جلد اور عمدہ کاغذ پر جامعہ فیاض العلوم رائیونڈ سے شائع ہوا ہے۔


نئی کتاب

جناب آزاد بن حیدر کی معرکۃ الآراء کتاب

**فاتح سرحد مولانا عبد الحامد بدایونی**

ناشر: ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا......کراچی...... 32725150

برائے رابطہ بمولف: اقراء سینٹر سرسید اردو بازار ناظم آباد نمبر ۱ کراچی